رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 024 - فرسٹ ایئر (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) وہ لُو، وہ آفتاب کی حِدّت، وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(ii) ہنستا تھا کوئی گُل نہ لہکتا تھا سبزہ زار — کانٹا ہوئی تھی سوکھ کے ہر شاخِ باردار

(iii) اپنے صحرا میں بہت آہُو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(iv) شُتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا — کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنّا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(vii) نازُک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ۱۸۸۵ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو ان کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتا چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں۔ انھوں نے مسلمانوں کو ان کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہو گئے۔ (ورق الٹئے)

201-024-I-(Essay Type)-125000

(2)

3- (ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے تھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟ (ii) تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(iii) مرزا غالب نے میر مہدی حسن مجروح کو خط، بیرنگ کیوں بھیجا؟ (iv) رشید احمد صدیقی کے خطوط کی تعداد کتنی ہے اور کس نے مرتب کیے؟

(v) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟ (vi) حضرت ابوایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کون سی تین چیزیں نمایاں تھیں؟

(vii) مال گودام روڈ پر تانگے کے گھوڑوں کا کیا حال ہوتا ہے؟ (viii) نظم میں شاعر نے ''نیا گل کھلانے'' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی۔ (ii) چغل خور۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) عیدین۔ (ii) محنت کی برکتیں۔ (iii) دیہاتی زندگی۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دورِ اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ ساتھ رہے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے۔ لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو، مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ ہندو معاشرہ ذات پات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوص دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے۔ اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطہ ارض میں رہتی تھیں لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصّبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصہ فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورت حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں دو قومی نظریہ کہا جاتا ہے۔

سوالات : (i) ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ رہ کر کیا کچھ سیکھا؟ (ii) ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟

(iii) ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ رہ سکا؟ (iv) دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

(v) مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں نے کیا رویہ اپنایا اور اس کا کیا نتیجہ نکلا؟